05-09-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ چیف منسٹر نے اعلان کیا ہے کہ ریاست میں آرٹیفیشل انٹلی جنس کے نئے فریم ورک پر عمل آوری کی جائے گی ۔

☆ بھدرادری کتہ گوڑم ضلع کے جنگلات میں آج پولیس کے ساتھ جھڑپ میں چھ ماؤنواز ہلاک ہوگئے ۔

☆ عادل آباد کے رکن پارلیمنٹ جی ناگیش نے ریاستی حکومت پر الزام لگایا ہے کہ وہ جینور ٹاؤن میں ایک پینتالیس سالہ قبائیلی خاتون کی مبینہ عصمت دری اور اقدام قتل کے واقعہ کو چھپانے کی کوشش کررہی ہے

☆ ریاست بھر میں آج یوم اساتذہ منایا جارہا ہے ۔اس موقع پر مختلف پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں ۔

☆☆☆☆☆

آرٹیفیشل انٹلی جنس پر دوروزہ عالمی کانفرنس آج حیدرآباد انٹرنیشنل کنونشن سنٹر میں شروع ہوئی ۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اس موقع پر اپنی تقریر میں کہا کہ حیدرآباد آرٹیفیشل انٹلی جنس کا مرکز بننے کیلئے تیار ہے ۔انہوں نے اے آئی کا تفصیلی روڈ میاپ جاری کیا ۔اس روڈ میاپ میں سرمایہ کاری ،اے آئی کی عالمی کمپنیوں کے ساتھ تعاون کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے ۔اس موقع پر چیف منسٹر نے اعلان کیا کہ ریاستی حکومت اے آئی کے لئے نئے فریم ورک پر عمل آوری کرے گی ۔جس کا مقصد تلنگانہ کو اے آئی کا قومی مرکز بنانا ہے ۔ چیف منسٹر نے کہا کہ حیدرآباد اے آئی انقلاب کیلئے مکمل طور پر تیار ہے ۔انہوں نے اے آئی صنعت کے فروغ کے لئے ریاستی حکومت کے فعال اقدامات پر زور دیا ۔انہوں نے کہا کہ ناسکام کے ساتھ مل کر تیار کئے گئے تلنگانہ اے آئی مشن کے ذریعہ ریاست میں اے آئی فریم ورک قائم کیا جائے گا ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نئی تخلیقات کیلئے صنعتی ماہرین کے ساتھ اشتراک کرے گی ۔انہوں نے عالمی کانفرنس میں ریاستی حکومت کے اے آئی روڈ میاپ کی رسم اجراء انجام دی ۔اس روڈ میاپ میں حکومت نے اے آئی کیلئے پچیس پروگرام بنائے ہیں ۔تلنگانہ کے وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈی سریدھر بابو نے بھی خطاب کیا ۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ دنیا بھر سے اے آئی انڈسٹری ، اسٹارٹ اپ کمپنیوں ،سرکاری اداروں کے دوہزار سے زیادہ مندوبین اس دوروزہ کانفرنس میں شرکت کررہے ہیں ۔اس کانفرنس میں تقریباً ایک سو پچاس متوازی سیشن اور لکچر ہوں گے ۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج یوم اساتذہ کے موقع پر تمام اساتذہ کو مبارکباد دی ہے ۔انہوں نے طلبہ کو سماج کے بہترین شہریوں میں تبدیل کرنے کی ذمہ داری لینے پر اساتذہ کی ستائش کی ۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی تحریک میں اساتذہ نے اہم رول ادا کیا اور ان کی حکومت اساتذہ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے ۔

☆☆☆☆☆

چھ ماؤنواز آج صبح بھدرادری کتہ گوڑم ضلع میں رگوناتھ پلی جنگلات کے قریب پولیس کے ساتھ انکاؤنٹر میں مارے گئے ۔اطلاعات کے مطابق پولیس نے جنگلات کے علاقہ میں تلاشی کے کاروائی شروع کی تھی ۔اس کاروائی کے دوران پولیس کا ماؤنوازوں سے سامنا ہوگیا ۔دونوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا ۔ پولیس کی جوابی فائرنگ میں چھ ماؤنواز ہلاک ہوگئے ۔سمجھا جاتا ہے کہ یہ ماؤنواز لچھنادلم کے ارکان تھے ۔مہلوکین میں تلنگانہ کا ایک سینئر ماؤنواز لیڈر بھی شامل ہونے کی اطلاع ہے ۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر مواصلات جوتیرآدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ بھارت میں فائیو جی خدمات کی فراہمی دنیا بھر میں سب سے تیز انداز میں عمل میں آئی ہے ۔انہوں نے آج دہلی میں محکمہ ڈاک کے عہدیداروں کی ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی ۔انہوں نے کہا کہ ملک کے ڈاک خانے عام آدمی کیلئے پوری دنیا کا ایک دریچہ بن جانا چاہئے اور ڈاک خانوں سے ایک ہی جگہ تمام خدمات فراہم کی جانی چاہئے ۔

☆☆☆☆☆

عادل آباد کے رکن پارلیمنٹ جی ناگیش نے ریاستی حکومت پر الزام لگایا ہے کہ وہ جینور ٹاؤن میں ایک پینتالیس سالہ قبائیلی خاتون کی مبینہ عصمت دری اور اقدام قتل کے واقعہ کو چھپانے کی کوشش کر رہی ہے۔ 31 اگست کو پیش آئے اس واقعہ میں دوسرے طبقہ کا ایک شخص ملوث ہے۔ انہوں نے حکومت پر الزام لگایا کہ وہ اس واقعہ کو فرقہ وارانہ رنگ دینے کی کوشش کرتے ہوئے فرقوں کے درمیان تناؤ پیدا کر رہی ہے۔ عادل آباد میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ناگیش نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہی ہے کہ ایسا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا ہے اور یہ کہ اپوزیشن اس واقعہ کو فرقہ وارانہ رنگ دینے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ اکتیس اگست کو پیش آیا لیکن ایف آئی آر تین ستمبر کو قبائیلی تنظیموں کے احتجاج کے بعد درج کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے واضح ہوتا ہے کہ حکومت اس کیس کو دبانے کی کوشش کر رہی ہے۔ اس دوران بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے کومارم بھیم آصف آباد ضلع کے جینور منڈل میں کشیدگی سے نمٹنے میں مبینہ ناکامی کیلئے ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں متاثرہ خاتون کو صرف ایک لاکھ روپئے معاوضہ ادا کرنے کے حکومت کے فیصلہ پر تنقید کی۔

☆☆☆☆☆

گزشتہ دس سال کے دوران بھارت میں شمسی توانائی کی گنجائش میں بتیس گنا اضافہ ہوا ہے اور اس رفتار سے بھارت کو دو ہزار تیس تک غیر روایتی توانائی کے شعبہ میں پانچ سو گیگا واٹ کا نشانہ حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج دلی میں منعقد کئے جا رہے دو روزہ پہلے بین الاقوامی سولار فیسٹیول سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے گزشتہ چند سال کے دوران سبز توانائی کے شعبہ میں کافی پیشرفت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت قابل تجدید توانائی کے شعبہ میں پیرس کے تیقن کی تکمیل کرنے والا پہلا جی ٹوئنٹی ملک بن گیا ہے۔ اس موقع پر نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے شمسی توانائی پر مبنی مستقبل کی سمت مشترکہ کوششوں کی ضرورتوں پر زور دیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاست بھر میں آج یوم اساتذہ منایا جا رہا ہے۔ ہر سال پانچ ستمبر کو جو کہ سابق صدر جمہوریہ ڈاکٹر سروے پلی رادھا کرشنن کا یوم پیدائش ہے، یوم قومی اساتذہ منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر ریاست بھر میں مختلف پروگرام منعقد کئے گئے۔ دہلی کے وگیان بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بیاسی اساتذہ کو نیشنل ٹیچر ایوارڈ پیش کئے۔ راجنا سرسلہ ضلع کے سمپت کمار اور کھمم ضلع کے پربھا کر ریڈی کو بھی بہترین اساتذہ کے ایوارڈس پیش کئے گئے۔ جوگولامبا گدوال ضلع کے کلکٹر بی ایم سنتوش نے طلبہ کے مستقبل کو سنوارنے میں اساتذہ کے رول کی اہمیت پر زور دیا۔ ضلع ہیڈکوارٹر پر منعقدہ یوم اساتذہ تقریب میں ضلع کے بہترین اساتذہ کو تہنیت پیش کی گئی۔ اس تقریب میں کلکٹر وی ایم سنتوش اور گدوال کے ایم ایل اے بنڈلہ کرشنا موہن ریڈی نے مہمانان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ سدرن پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی لمیٹیڈ کے چیئرمین اور مینجنگ ڈائرکٹر مشرف فاروقی نے 19 ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی کی ہے جن میں انجینئرس بھی شامل ہیں۔ ڈسکام کے عہدیداروں نے بتایا کہ چھ انجینئرس اور عملہ کے دیگر ارکان کو معطل کر دیا گیا ہے اور ان میں سے چار کو کارپوریٹ آفس پر حاضر ہونے کی ہدایت دی گئی ہے۔ باقی نو ملازمین کو چارج میمو اور وجہ نمائی نوٹسیں جاری کی گئی ہیں۔ ان تمام ملازمین کے خلاف کارروائی فرائض سے غفلت کے الزام، صارفین کی شکایتوں، کرپشن کے الزامات اور ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے کی بناء پر کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

ملک کے محکمہ موسمیات نے تلنگانہ کے بعض علاقوں میں کل اور پرسوں کے لئے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست کے کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، جۓ شنکر بھوپال پلی، ملوگو، بھدرادری کتہ گوڑم، کھمم، محبوب آباد، ورنگل اور ہنمکنڈہ اضلاع میں اکا دکا مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ تلنگانہ کے تمام اضلاع میں اکا دکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ ہفتہ کو عادل آباد، جۓ شنکر بھوپال پلی، ملوگو، بھدرادری کتہ گوڑم، ورنگل اور ہنمکنڈہ اضلاع میں اکا دکا مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

نلگنڈہ ضلع میں ریاستی حکومت کی جانب سے ایک تقریب منعقد ہوئی۔ وزیرعمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی، بھونگیر کے ایم پی کرن کمار ریڈی اور دوسروں نے اس تقریب میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے ریاست کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے دورہ کے لئے دو ٹیمیں روانہ کی ہیں۔ان ٹیموں کی قیادت مرکزی مملکتی وزیر بنڈی سنجے اور پارٹی کے رکن پارلیمنٹ ایٹالہ راجندر کررہے ہیں۔ بنڈی سنجے کی زیر قیادت ٹیم کھمم اور کوداڑ کا دورہ کرے گی۔ایٹالہ راجندر کی زیر قیادت ٹیم اسمبلی میں پارٹی کے لیڈر اے مہیشور ریڈی، ریاستی جنرل سکریٹری ڈاکٹر کے وینکٹیشورلو اور رکن اسمبلی رامارواَپاٹل کے ہمراہ محبوب آباد اور ملوگو کا دورہ کرے گی۔

☆☆☆☆☆